Session 17th

No 140

Date 20-4-2021

Department H/Education

تحریک استحقاق

جناب سپیکر! میں اس تحریک استحقاق کو ڈاکٹر شاہد خٹک وائس چانسلر انجینئرنگ یونیورسٹی مردان کے نامناسب رویے پر پیش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے میرا موبائل نمبر بلاک کیا ہوا ہے اور کئی میسجز کرنے کے باوجود وہ جواب نہیں دے رہا۔

جناب سپیکر! میں چند واقعات کو اس معزز ایوان کے سامنے لانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ میں انجینئرنگ یونیورسٹی مردان کے سینیٹ کا ممبر ہوں اور گزشتہ دنوں محترم گورنر خیبر پختونخوا کے زیر صدارت یونیورسٹی کے بجٹ کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں میں نے کچھ نکات اٹھائے تھے جس کی وجہ سے بجٹ کی منظوری موخر کر دی گئی اور اس سلسلے میں ایک سب کمیٹی تشکیل دے دی گئی جس میں مجھے بھی ممبر بنایا گیا۔

جناب سپیکر، کئی بار ایک ضروری اور اہم نوعیت کے مسئلے کو ڈسکس کرنے کے لئے وی سی کو فون پہ کال کرنے کی کوشش کی مگر رابطہ نہیں ہو پا رہا اور مسلسل نظر انداز کر رہا ہے۔

جناب سپیکر، وی سی کا عوامی نمائندے کے ساتھ اس طرح کا رویہ اختیار کرنا انتہائی نامناسب ہے جس سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے حوالہ کیا جائے۔

[signature]
20/04/21
محمد عبدالسلام
ایم پی اے

PRIVILEGE MOTION

Session No. 17 Th

Notice No. 140

Received Time: 10:30

Received Date 21/4/2021

From Mr. / Ms. ________ MPA

Receiver Sign: [signature]